# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 18 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزمان۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ [۱] ــــــ برکس ممالک کے وزرائے ماحولیات کی 12 ویں میٹنگ نئی دلی میں منعقد۔

✓ [۲] ــــــ حکمرانی کے عمل میں مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کے دیگر تقاضوں کو موثر طریقے پر بروئے کار لانے پر ڈاکٹر جیتندر سنگھ کا زور۔

✓ [۳] ــــــ متعدد وفود اور شخصیات ایل جی منوج سنہا سے ملاقی // عوامی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال۔

اور

✓ [۴] ــــــ اگلے ماہ منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے جموں کشمیر بین الاقوامی فلم فیسٹول کے کامیاب انعقاد کیلئے بین محکمہ جاتی منصوبہ بندی پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا زور۔

اور اب خبریں تفصیل کے ساتھ۔

## BRICS

BRICS ممالک کے وزرائے ماحولیات کی 12 ویں میٹنگ آج نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ بھارت منڈپم میں اس میٹنگ کے دوران وزراء، سینئر افسران، پالیسی ساز اور ممبر ممالک کے ماہرین نے متحد ہوکر ماحولیاتی توازن کو تحفظ دینے سے متعلق امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔ اس سال اس میٹنگ کا موضوع ہے

**Building For Resilience, Innovation, Co-operation and Sustainibility**"۔ ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے اس میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے دیرپا قرعہ ارض وجود میں لانے کیلئے پالیسیوں، ٹیکنالوجی اور عوامی شراکت داری کو مربوط کئے جانے پرزور دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2005 سے 2022 تک آلودگی میں 37 فیصد سے بھی زیادہ کمی لائی ہے۔

جتندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت، کوانٹم، سائبر سیکورٹی اور ڈیجیٹل آلات تیزی سے حکمرانی کے عمل کو مثبت انداز سے تبدیل کررہے ہیں۔ آج نئی دلی میں جوائنٹ سیکریٹریوں، ڈائریکٹرس اور ڈپٹی سیکریٹریز کیلئے 15 روزہ ریفریشر کورس کے دوران شرکا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سول سرونٹس کو حکمرانی کے عوامل اور جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرایا جانا چاہیئے تاکہ بہتر نتائج حاصل کئے جاسکیں۔ ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ سرکاری افسروں کی اضافی ذمہ داری ہے کہ وہ سرکاری فلیگ شپ سکیموں کی عمل آوری کے دوران ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران آئینی ذمہ داری اور حکومت کے ادارہ جاتی وقار کا خاص خیال رکھا جانا چاہیئے۔

ایل جی ملاقات

پروجیکٹ بیکن بارڈر روڈس آرگنائزیشن کے چیف انجینئر بریگیڈیئر چراغ Ghura نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے ایل جی کو شری امرناتھ جی یاترا کے ٹریک کو بڑھاوا دینے کے اقدامات نیز یوٹی بھر میں BRO کے پروجیکٹوں کے بارے میں جانکاری دی۔ دریں اثنا روٹری کلب آف کشمیر کے صدر ڈاکٹر توصیف بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے اور ان سے

روٹری کلب کے فلاحی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔اسی طرح ایکوٹورازم ایسوسی ایشن آف کشمیر کے صدر سمیر بکتو نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی اوران کے ساتھ دیر پا سیاحت سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

## فلم فیسٹول

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر بین الاقوامی فلم فیسٹول کے کامیاب انعقاد اور عالمی فلم کیلنڈر پر اسے ایک مستقل سالانہ تقریب بنانے کیلئے بین محکمہ جاتی رابطے اور موثر منصوبہ بندی پر زور دیا ہے۔آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران 7 ستمبر سے 10 ستمبر تک منعقد ہونے والے پہلے انٹر نیشنل فلم فیسٹول آف جموں وکشمیر 2026 کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ فیسٹول کے دوران جموں وکشمیر کے گوناگوں ثقافتی ورثے، یہاں کے سیاحتی مقامات، دستکاریوں، کھان پان اور دیگر خصوصیات کو اجاگر کریں۔واضح رہے کہ فیسٹول کے دوران بہترین فلموں کی سکریننگ کرنے کے ساتھ ساتھ دلکش ثقافتی پروگرام بھی منعقد کئے جائیں گے۔

## سی ایم ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے اورلوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے متعدد پروجیکٹوں اوراسکیموں پر کام جاری ہے۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے سرینگر میں ان سے ملاقات کرنے آئے کئی ارکان قانون سازیہ اور عوامی وفود کے ساتھ بات کرتے ہوئے کیا۔اسی دوران بارہ مولہ کے ممبر اسمبلی جاوید احمد بیگ، ایم ایل اے راجپورہ غلام محی الدین میر اور ایم ایل اے پونچھ اعجاز جان نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل سے انہیں آگاہ کیا۔

## اسمبلی سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج بڈگام میں ایک میٹنگ کے دوران پکھرپورہ میں حضرت سلطان علی عالی بلخی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف محکموں کے مابین بہتر تال میل پر زور دیتے ہوئے زائرین کیلئے بجلی، پانی، صفائی

ستھرائی، طبی نگہداشت اور دیگر سہولیات دستیاب رکھنے کی افسروں کو ہدایت دی۔اس سے پہلے سپیکر موصوف نے تکیہ حیات پورہ میں سڑکوں پر تارکول بچھانے کے کام کا آغاز کیا۔

سکینہ ایتو

صحت وتعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر سرکار تعلیم، طبی نگہداشت اور دیگر سیکٹروں میں بنیادی ڈھانچے کو اس مقصد کے ساتھ مضبوط کرنے کیلئے پُرعزم ہے کہ عوام کو معیاری خدمات اور ترقیاتی سہولیات ان کی دہلیز پر دستیاب ہوسکیں۔وزیر موصوفہ کشتواڑ ضلعے کے چھاترو علاقے کے تفصیلی دورے پر تھیں، جہاں انہوں نے زائداز **13** کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے گورنمنٹ ہائر سکینڈری سکول کی ریماڈلنگ کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے ساتھ ہی نیو ٹائپ پرائمری ہیلتھ سینٹر اندروال کا افتتاح کرنے کے علاوہ گورنمنٹ ڈگری کالج چھاترو میں جاری تعمیراتی کام کا معائینہ بھی کیا۔

جاوید ڈار

زراعت ، دیہی ترقی و پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج نئی دلی میں انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ **ICAR** کی **97** ویں سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کی۔اس موقعے پر وزیر موصوف نے جموں وکشمیر کی منفرد موسمی اور جغرافیائی حالات نیز زراعت، باغبانی اور دیگر منسلک سیکٹروں میں بے پناہ وسائل کے پیش نظر جموں وکشمیر میں مخصوص تحقیق اور اختراعیت کی طرف خصوصی توجہ دینے پر زور دیا۔جموں وکشمیر کی تحقیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ سکاسٹ جموں اور سکاسٹ کشمیر نے پچھلے **4** برسوں کے دوران **143** پیٹنٹ حاصل کئے۔انہوں نے جموں وکشمیر میں سٹیٹ کونسل فار ایگریکلچرل ریسرچ قائم کرنے کا مطالبہ بھی **ICAR** کے سامنے رکھا۔

جاوید رانا

جل شکتی اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا سے آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں متعدد وفود ملاقی ہوئے جنہوں نے اپنے اپنے مسائل وزیر موصوف کی نوٹس میں لائے۔ان مسائل کا تعلق پانی، بجلی، آبپاشی اور دیگر شعبوں سے تھا۔جاوید رانا نے مسائل غور سے سنے اور کئی ایک مسائل کو حل کرنے کی متعلقہ افسروں کو موقعہ پر ہی ہدایت دی۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ عدالت عظمیٰ اور ہائی کورٹوں کے سبکدوش جج صاحبان، ایک سابق ڈی جی پی اور سی بی آئی کے ایک سابق ڈائریکٹر پر مشتمل ایک اعلیٰ اختیار والی کمیٹی قائم کرے گی جو دلی میں طالب علموں کے حالیہ احتجاج کے دوران طالب علموں پر پولیس کی مبینہ زیادتیوں اور پولیس جوانوں پر تشدد کے الزامات کی چھان بین کرے گی۔ عدالت عظمیٰ نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں کل باضابطہ ایک آرڈر جاری کیا جائے گا جس کے بارے میں مختلف جماعتوں سے اس بات کیلئے تجاویز حاصل کی جائیں گی کہ پینل میں کون سے دیگر ارکان کو شامل کیا جائے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

شاہد اقبال

کھیل کود اور امور نوجوان محکمے کے کمشنر سیکرٹری شاہد اقبال چودھری نے ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں مرکزی معاونت والی سکیموں اور **SASCI** کے تحت دردست لئے گئے کھیل پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ کیپکس کے تحت محکمے نے **210** سپورٹس پروجیکٹ جبکہ **SASCI** کے تحت **17** پروجیکٹ ہاتھ میں لئے ہیں جس کیلئے ایک ارب **60** کروڑ روپے پہلے ہی واگذار کئے جا چکے ہیں۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کے سیکرٹری محمد اعجاز اسد نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں عملائے جارہے وکست بھارت گارنٹی فار روزگار اینڈ آجیویکا مشن گرامین کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔سیکرٹری موصوف نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مشن کے تحت دردست لئے گئے تمام کاموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہئے کہ یہ اسکیم دیہی علاقوں کے تمام مستحقین تک پہنچ جائے۔

**BJP**

سکھ طبقے کے ایک وفد نے آج جموں میں بی جے پی جموں کشمیر کے صدراور ممبر پارلیمنٹ ست شرما سے ملاقات کی اور سکھ طبقے کو درپیش سائل سے انہیں آگاہ کیا۔وفد نے سانبہ انڈسٹریل اسٹیٹ میں صنعتی یونٹوں کو درپیش مسائل سے بھی ست شرما کو آگاہ کیا۔ست شرمانے وفد کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ بی جے پی سماج کے ہرایک طبقے کی راحت رسانی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے عوام کی اقتصادی حالت بہتر بنانے اور ان کا معیار حیات بلند کرنے کیلئے تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کررہی ہے۔آج سرینگر میں عوامی وفوداور مختلف انجمنوں کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا۔دریں اثناء پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے آج حبہ کدل حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کیااور لوگوں کے مسائل اور انہیں دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔اس دوران انہوں نے گدود باغ میں ایک واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کے مسائل حل کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

عید میلاد

عید میلادالنبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کی دیگر خانقاہوں،مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام جاری ہے۔درگاہ حضرتبل میں

ختمات المعظمات کی مجلس کا اہتمام ہر روز نماز عصر سے نماز مغرب تک ہوتا ہے ۔اس دوران فرزندان توحید اللہ کے حضور سربسجود ہو کر اپنے گناہوں کی معافی طلب کرتے ہیں اور ملک وقوم کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی دعائیں مانگتے ہیں۔واضح رہے کہ عید میلادُ النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاول یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔

تقریب

ادھر تاریخی خانقاہ معلیٰ سرینگر میں عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کے سلسلے میں **20** اگست جمعرات کو ایک پُر وقار تقریب کا اہتمام ہے جہاں جموں کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی وعظ فرمائیں گے۔

چھڑی مبارک

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر جو پہلگام راستے کیلئے یاترا افسر بھی ہیں، نے آج ایک میٹنگ کے دوران سالانہ امرناتھ جی یاترا کی چھڑی مبارک کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقعہ پر بتایا گیا کہ چھڑی مبارک سرینگر سے **22** اگست کو روانہ ہوگی اور مختلف مقامات پر رُکنے کے بعد یہ **28** اگست کو پوتر گپھا پہنچ جائے گی۔ یاترا افسر نے تمام افسروں کو ہدایت دی کہ وہ چھڑی مبارک کی بلا خلل نقل حمل کو یقینی بنانے کیلئے تمام انتظامات مکمل کریں۔

ہارٹیکلچر

محکمہ باغبانی کشمیر نے میوہ باغات کے مالکان، میوہ کے تاجروں اور دیگر زرعی متعلقین سے کہا ہے کہ وہ شمالی ریلوے کی طرف سے کشمیر کے بڈگام اور دلی کے آدھرش نگر تک چلائی جانے والی ریل پارسل سروس سے بھرپور استفادہ کرکے ایک آسان، سستی اور قابل اعتبار ٹرانسپورٹ سہولیت سے فائدہ اٹھائیں۔واضح رہے کہ یہ سروس گذشتہ سال ستمبر کے مہینے سے شروع کی گئی تھی اور یہ ریل گاڑی جموں کے بڑی برہمنا جموں میں بھی ایک سٹاپ کرتی ہے۔محکمے کے پریس ریلیز کے مطابق اس مال گاڑی نے کشمیر سے سیب اور دیگر مصنوعات سمیت قریب **7** ہزار **400** ٹن کی مال ڈھلائی کی ہے، جبکہ واپسی پر بھی **17** ہزار **450** ٹن مال برداری کی گئی ہے۔

ارجنا ایوارڈ

حکومت نے 2025 کیلئے قومی سپورٹس ایوارڈس کا اعلان کیا ہے۔خواتین کے بیڈمنٹن ڈبلز کی جوڑی Treesa Jolly اور Pullela Gayatri Gopi Chand اور مختلف کھیلوں کے دیگر 15 کھلاڑیوں کو ارجنا ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔اسی طرح ایتھلیٹکس پرویر سنگھ، باکسنگ کوچ چھوٹے لال یادو اور شوٹنگ کوچ نیہا نند کمار چوان کو ڈرونا چاریہ ایوارڈ دیا جائے گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21.3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 55 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 14 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔